## سوال

(145) جادو اور نظر بد لگ جانے کی صورت میں قرآن و حدیث سے علاج

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جادو ہو جانے کی صورت میں اور نظر کے لگ جانے کی صورت میں قرآن و حدیث میں اس کا کیا علاج ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جادو ہو جانے کی صورت میں رب تعالیٰ سے دعاء اور معوذتین پڑھے اور نظر لگ جانے کی صورت میں نظر کا دم اور نظر لگانے والے کے وضوء سے گرے ہوئے پانی کے ساتھ غسل شرعی علاج ہیں۔ نظر کا دم یہ ہے :

اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

''میں اللہ کے کلمات تامہ کے ذریعے ہر شیطان، زہریلے جانور اور ہر ضرر رساں نظر کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔'' (صحیح بخاری : 3371)

دوسرے کو دم کرنا ہو تو اَعُوذُ کی جگہ اُعِیذُکَ پڑھے۔

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 09 ص**